
سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

# دینی کتابیں پڑھنا



23 اپریل 2026

## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان:5منٹ (2): دُعا یاد کرنا:5منٹ (3): جائزہ:5منٹ۔ کُل دورانیہ:15منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں 72 نیک اعمال میں سے ایک نیک عمل دینی کتابیں پڑھنے کے متعلق مفید ترین معلومات دی جائیں گی اور علم میں اضافے کی دعا یاد کروائی جائے گا۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الکَرِیْم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم: جو مجھ پر روزِ جمعہ درودِ پاک پڑھے گا، میں قیامت کے دن اس کی شفاعت کروں گا۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## دینی کتابیں پڑھنا

امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے علم و عمل میں ترقی کے لئے اسلامی بہنوں، اسلامی بھائیوں اور طلبا وغیرہ کے لیے سوالات کی صورت میں نیک اعمال کے مختلف رسائل ترتیب دیئے ہیں، آج ہم 72 نیک اعمال کے رسالے سے نیک عمل نمبر:12 کے بارے میں سیکھیں گے۔

نیک عمل نمبر 12: کیا آج آپ نے اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ یا مکتبۃُ المدینہ کی کسی کتاب یا رِسالے یا ماہنامہ فیضانِ مدینہ کو کم از کم 12 منٹ پڑھا یا سنا؟

## آیتِ مبارکہ

اللہ پاک فرماتا ہے:

وَ مِنْهُمْ اُمِّیُّوْنَ لَا یَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ اِلَّاۤ اَمَانِیَّ

تَرْجَمۂ کنزُ العِرفان: اور ان میں کچھ اَن پڑھ ہیں جو

1...جمع الجوامع، جلد:7، صفحہ:199، حدیث:22352۔

وَ اِنْ هُمْ اِلَّا یَظُنُّوْنَ(۷۸) (پارہ:1،بقرہ:78) کتاب کو نہیں جانتے مگر زبانی پڑھ لینا یا کچھ اپنی من گھڑت اور یہ صرف خیال و گمان میں پڑے ہوئے ہیں۔

❁ یعنی بنی اسرائیل میں ایک گروہ وہ ہے جو دینی کتاب نہیں پڑھتے بس سُنی سنائی باتوں پر اعتقاد رکھتے ہیں، جس کی وجہ سے وہ ایمان سے محروم ہیں۔(1) ❁ معلوم ہوا: دینی کتابیں نہ پڑھنا، محض سنی سنائی باتوں پر یقین رکھنا، بعض دفعہ گمراہی کا سبب بن جاتا ہے۔

## فرمانِ آخری نبی صلی اللہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّم

علم کا ایک باب سیکھنا، دنیا اور اس میں موجود تمام چیزوں سے بہتر۔(2)

## کتابیں پڑھنے کے متعلق احکام

(1): دینی کتابیں پڑھنا علم میں اضافے کا ذریعہ اور بہت ثواب کا کام ہے (2): جو کتابیں اسلامی عقائد و نظریات یا شرعی احکامات سے ٹکرائیں یعنی ان میں اسلامی عقائد و نظریات کے خلاف چیزیں ہوں، ایسی کتابیں پڑھنا حرام ہے۔(3) (3): بد مذہبوں کی کتابیں پڑھنا حرام ہے۔(4) (4): ڈائجسٹ اور ناولز وغیرہ حیاسوز تصاویر، فلمی اشتہارات، عشقیہ، فسقیہ اور شہوت انگیز کہانیوں اور بارہا کفریہ کلمات پر مشتمل ہوتے ہیں ایسے ناولز پڑھنے کی ہر گز اجازت نہیں۔(5)

## دینی کتابیں پڑھنے کے فوائد

❁ **دینی کتابیں پڑھنے سے** رحمت کے دروازے کھل جاتے ہیں ❁ **دینی کتابیں پڑھنا** ہدایت کا ذریعہ ہے ❁ **کتابیں پڑھنا** ذہنی تناؤ اور پریشانی کو کم کرتا ہے ❁ **کتابیں پڑھنا** حافظے کی مضبوطی کا ذریعہ

---

1 ... تفسیر، بیضاوی مع حاشیہ شیخ زادہ، پارہ:1، سورۂ بقرۃ، زیر آیت:78، جلد:2، صفحہ:121- 122، ملتقطاً۔
2 ... احیاء العلوم، کتاب العلم، باب الاول فی فضل العلم...الخ، جلد:1، صفحہ:20۔
3 ... کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، صفحہ:501۔
4 ... فتاوی رضویہ، جلد:23، صفحہ:693، ملخصًا۔
5 ... فتاوی اہلسنت، فتویٰ نمبر:WAT-3993 ۔

ہے ❁ **کتابیں پڑھنا** علم میں اضافے کا سبب ہے ❁ **کتابیں پڑھنے کی عادت** دماغ اور اس کے خُلیات کو قوت دے کر ڈیمنشیا(*Dementia*)اور الزائمر (*Alzheimer*) جیسے مرض کو روکتی ہے(یہ دونوں دماغی بیماریاں ہیں جو سوچنے سمجھنے کی صلاحیت کم کرتیں اور مزاج میں تبدیلی پیدا کرتیں ہیں)❁ **دینی کتابیں پڑھنے سے** علم حاصل کرنے کے فضائل بھی حاصل ہوتے ہیں۔ مثلاً:❋.. **علم حاصل کرنا** 1000 رکعت نفل پڑھنے سے افضل ہے۔[1] ❋.. **جو علم حاصل کرتا ہے** اللہ پاک اس کی مشکلات آسان فرماتا ہے ❋.. **علم حاصل کرنا** رزق میں اضافے کا سبب ہے۔[2]

**پڑھنے کے لیے چند مفید کتابیں:** ❁ **تفسیر پڑھنے کے لیے:** ❋.. تفسیر صراطُ الجنان ❋.. تعلیم القرآن اور ❋.. خزائن العرفان۔ **حدیث پڑھنے کے لیے:** ❋.. اربعین عطار ❋.. فیضانِ ریاضُ الصالحین اور ❋.. منتخب حدیثیں۔ **عقائد کے متعلق پڑھنے کے لیے:** ❋.. کفریہ کلمات کے بارے میں سوال وجواب ❋.. بنیادی عقائد و معمولات اہلسنت اور ❋.. گلدستہ عقائد واعمال ❁ **نماز، روزہ اور حج وعمرہ کے مسائل پڑھنے کے لیے:** ❋.. نماز کے احکام ❋.. فیضانِ نماز ❋.. فیضان رمضان اور ❋.. رفیق الحرمین۔ **پیارے آقا، مدینے والے مصطفےٰ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی سیرت پڑھنے کے لیے:** ❋.. سیرتِ مصطفےٰ ❋.. سیرتِ رسول عربی اور ❋.. سیرتُ الانبیا اور **اس کے علاوہ مزید کُتب پڑھنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کا وزٹ کیجئے۔**

## کتابیں پڑھنے کی عادت بنانے کے طریقے

❁ علم حاصل کرنے کا شوق پیدا کیجئے! اس کے لیے علمِ دین حاصل کرنے کے فضائل وبرکات ذہن میں رکھیے ❁ مطالعہ کرنے کے متعلق بزرگانِ دین کے واقعات پڑھیے ❁ گھر میں کچھ نا کچھ کتابیں رکھیے! ہوسکے تو گھر میں ایک چھوٹی سی لائبریری کی جگہ بنالیجئے ❁ اہداف مقرر کیجئے! مثلاً: امیرِ اہلسنت

---

1 ... سنن ابن ماجہ، المقدمہ، باب من تعلم القرآن وعلمہ، صفحہ:48، حدیث:219، ملخصًا۔

2 ... مسند امام ابی حنیفہ مع شرح المواہب اللطیفہ، کتاب العلم، جلد:1، صفحہ:330، حدیث:33، ملخصًا۔

دامَت بَرَکاتُہُم العالیہ کی طرف سے ہر ہفتے کوئی ایک رسالہ پڑھنے کی ترغیب دلائی جاتی ہے، ہر ہفتے اسے پڑھیے، اس سے علم میں اضافے کے ساتھ ساتھ نیک عمل نمبر 12 اور 63 پر بھی عمل ہو جائے گا اور ایک دینی کام **ہفتہ وار رسالہ مطالعہ** بھی ادا ہو جائے گا ❁ کتاب پڑھنے کے لیے ایک وقت مقرر کر لیجئے اور اس وقت میں صرف کتاب ہی پڑھیے۔

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج ہم نے نیک عمل نمبر: 12 کے مطابق **دینی کتابیں پڑھنے** کے عنوان پر مفید ترین معلومات حاصل کیں، نیت کیجئے کہ اس نیک عمل کو اپناتے ہوئے روزانہ کم از کم 12 منٹ اعلیٰ حضرت رحمۃُ اللہِ علیہ یا مکتبۃُ المدینہ کی کسی کتاب یا رِسالے یا ماہنامہ فیضانِ مدینہ کو کم از کم 12 منٹ پڑھا کریں گے۔ اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم!

اللہ پاک عمل کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین بجاہِ خاتمِ النبیّٖن صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللہُ عَلٰی مُحَمَّد

## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

### علم میں اضافے کی دعا

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا

**ترجمہ:** اے میرے ربّ! میرے علم میں اضافہ فرما۔[1]

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُورۃُ الْمُلک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُورۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُ الاِیمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار

1 ...مدنی پنج سورہ، صفحہ: 228۔

دُرُود شریف پڑھے ؟(9):آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟(10):کانوں کو گناہوں سے بچایا؟(11):فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟(12):12منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟(13):اذان واقامت کا جواب دیا؟(14):غصے کا علاج کیا؟(15):اپنا جائزہ کیا؟(16):اپنے نگران کی اطاعت کی؟(17):آپ اور جی کہہ کر بات کی؟(18):مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟(19):عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟(20):2گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟(21):فجر کے لئے جگایا؟(22):دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟(23):گھر درس ہوا؟(24):مسجد درس دیا یا سُنا؟(25):سنّت کے مُطابق لباس پہنا؟(26):زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟(27):ایک مشت داڑھی ہے؟(28):گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟(29):سنّت کے مُطابق کھانا کھایا؟(30):مسلمانوں کو سلام کیا؟(31):کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟(32):ظہر کی سنت قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟(33):تہجّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟(34):اَوَّابِین یا اِشْراق وچاشت پڑھیں؟(35):عصر یا عشا کی سنت قبلیہ پڑھیں؟(36):12دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟(37):دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟(38):جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44):مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے/سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟(47):چوک درس دیا یا سنا؟(48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟(49):اِسْراف سے بچے؟(50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51):تنظیمی طریقہ کار کے مُطابق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟(53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ❁ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ❁ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعْتِکَاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے

کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62): ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63): ہفتہ وار رسالہ پڑھا یاسنا؟(64): علاقائی دورہ کیا؟(65): پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟